# نویں امام کی مختصرسوانح حیات

<"xml encoding="UTF-8?>

امام محمد بن علی علیہ السلام (جن کا لقب تقی یا امام جواد اور کہیں ابن الرضا بھی ملتا ہے) آٹھویں امام کے فرزند ہیں جن کی ۱۹۵ھ میں ولادت ہوئی۔ ۲۲۰ ھ میں عباسی خلیفہ معتصم کے ایماء پر آپ کی بیوی نے جو عباسی خلیفہ مامون کی بیٹی تھی، آپ کو زہر دے کر شہید کیا۔ آپ اپنے جد امجد امام ہفتم کے پہلو میں کاظمین (عراق) میں مدفون ہیں۔
آپ اپنے والد ماجد کے بعد خدا کے حکم اور بزرگوں کے تعارف سے امامت کے منصب پر فائز ہوئے۔ امام نہم اپنے والد کی وفات کے وقت مدینہ میں تھے۔ اس کے بعد مامون نے آپ کو بغداد میں بلایا جو اس زمانے میں خلافت کا مرکز یا دار الخلافہ تھا۔ ظاہری طور پر آپ کے ساتھ بہت زیادہ شفقت اور محبت روا رکھی گئی، یہاں تک کہ خلیفہ نے اپنی بیٹی کا نکاح بھی آپ سے کردیا اور بغداد میں ہی ٹھہرا لیا۔ در حقیقت مامون یہ چاہتا تھا کہ اس ذریعے سے امام(ع) کو گھر کے اندر اور گھر کے باہر نظر بند رکھے تاکہ آپ پر پورا کنٹرول کرسکے۔
ایک عرصہ تک امام بغداد میں تشریف فرما رہے، پھر مامون کی اجازت سے مدینہ چلے گئے اور مامون کے آخری عہد تک مدینہ میں ہی قیام پذیر رہے۔
مامون کی وفات پر معتصم باللہ نے عنان حکومت سنبھالی تو امام نہم کو دو بارہ مدینہ سے بغداد بلایا گیا اس کے بعد ان پر پابندی عائد کردی گئی اور آخر کار معتصم باللہ کے حکم یا اشارے سے امام(ع) کی بیوی کے ذریعے آپ کو زہر دلوا کر شہید کر دیا گیا۔(۱)

--------

۱- ارشاد مفید ص / ۲۹۷، اصول کافی ج/ ۱ ص / ۴۹۲ ۔ ۴۹۷، دلائل الامامت ص / ۲۰۱ ۔۲۰۹، مناقب ابن شہر آشوب ج/ ۴ ص / ۳۷۷ ۔۳۹۹ ، فصول المہمہ ص / ۲۴۷ ۔ ۲۵۸ ، تذکرۃ الخواص ص / ۳۵۸